فوری ریلیز کے لیے: 27/8/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL اور میئر MAMDANI کا کوئینز میں کنکریٹ کی درمیانی پٹیوں کو سیلاب سے بچاؤ کے بنیادی ڈھانچے میں تبدیل کرنے کے لیے $8.4 ملین کا اعلان

وائٹ اسٹون، فاریسٹ ہلز اور کوئینز ولیج کی نئی سبز جگہیں ہر سال مجموعی طور پر پانچ ملین گیلن طوفانی بارش کا پانی اپنے اندر جذب کریں گی

یہ پروجیکٹس دباؤ میں کمی لانے، سیوریج کی گنجائش میں اضافہ کرنے اور مقامی آبی گزرگاہوں کے پانی کے معیار میں بہتری لانے میں مدد کریں گے

خاکہ یہاں دستیاب ہے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) اور میئر Zohran Kwame Mamdani (زوہران کوامے ممدانی) نے آج سیلاب سے نمٹنے کی صلاحیت بڑھانے والے بنیادی ڈھانچے میں مجموعی طور پر $8.4 ملین کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا، جس کے تحت وائٹ اسٹون، فاریسٹ ہلز اور کوئینز ولیج میں سڑکوں کی کنکریٹ کی درمیانی پٹیوں کو "اسفنجز" نما سبز بنیادی ڈھانچے میں تبدیل کیا جائے گا جو طوفانی بارش کا پانی جذب کریں گے اور شدید موسمی حالات کے باعث آنے والے سیلاب کو روکنے میں مدد دیں گے۔ مجموعی طور پر، کوئینز میں نئی انجینیئرنگ کے تحت تیار کی گئی ان جگہوں سے توقع ہے کہ وہ ہر سال اندازاً پانچ ملین گیلن طوفانی بارش کا پانی جذب کریں گی، جس سے سیوریج کے نظام پر دباؤ کم ہو گا اور ایسٹ ریور، فلشنگ بے اور جمیکا بے سمیت مقامی آبی گزرگاہوں کے پانی کے معیار میں بہتری آئے گی۔

"بدلتی ہوئی آب و ہوا سے منسلک شدید موسمی حالات کے باعث اچانک آنے والے سیلاب اب زیادہ معمول بنتے جا رہے ہیں، اس لیے اپنی کمیونٹیز کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدام کرنا ناگزیر ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "یہاں نیو یارک میں، ہم اپنے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور اپنی کمیونٹیز کو بہتر تحفظ فراہم کرنے کے لیے حل کے جدید طریقے نافذ کر رہے ہیں۔ میئر Mamdani (ممدانی) اور نیو یارک شہر کے ساتھ مل کر، سبز بنیادی ڈھانچے کے یہ اہم پروجیکٹس وائٹ اسٹون، فاریسٹ ہلز اور کوئینز ولیج کو زیادہ محفوظ اور سیلاب سمیت شدید موسمی حالات کا بہتر مقابلہ کرنے کے قابل بنانے میں مدد دیں گے۔"

میئر Zohran Kwame Mamdani (زوہران کوامے ممدانی) نے کہا، "موسمیاتی تبدیلی کے باعث اچانک ہونے والی بارشیں زیادہ شدید اور غیر متوقع ہوتی جا رہی ہیں، اور اگر کارروائی نہ کی گئی تو یہ طوفانی بارشیں نیو یارک شہر کے سیوریج کے نظام پر مسلسل ضرورت سے زیادہ دباؤ ڈالتی رہیں گی۔ $8.4 ملین کا یہ سبز درمیانی پٹیوں کا پروجیکٹ ایسے بنیادی ڈھانچے کے ذریعے اس چیلنج کا مقابلہ کرتا ہے جو ہمارے ماحول اور نواحی علاقوں، دونوں کے لیے مؤثر ہے۔ زیرِ زمین طوفانی بارش کا پانی ذخیرہ کرنے کے نیٹ ورک کے اوپر مقامی نباتات اور جنگلی پھول لگا کر، ہم ہر سال پانچ ملین گیلن طوفانی بارش کا پانی جمع کریں گے، جس سے ہمارے سیوریج کے نظام پر دباؤ کم ہو گا اور نیو یارک کے شہری محفوظ رہیں گے۔ ہم گورنر Hochul (ہوکل) اور اپنے ریاستی شراکت داروں کے شکر گزار ہیں کہ وہ ایسے موسمی خطرات کا مقابلہ کرنے کے قابل بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں جو نیو یارک کے شہریوں کا تحفظ کرتا ہے اور ساتھ ہی ہمارے شہر کو زیادہ سرسبز اور خوبصورت بناتا ہے۔"

ان پروجیکٹس کے لیے جزوی فنڈنگ ریاست نیو یارک کی مجموعی طور پر $5 ملین کی گرانٹس سے فراہم کی گئی ہے، جن میں ماحولیاتی سہولیات کی کارپوریشن (Environmental Facilities Corp.) کے زیرِ انتظام گرین انوویشن گرانٹ پروگرام (Green Innovation Grant Program) اور ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ (Department of Environmental Conservation, DEC) کے زیرِ نگرانی واٹر کوالٹی امپرووومنٹ پروجیکٹ (Water Quality Improvement Project) شامل ہیں۔

ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ (DEC) کی کمشنر Amanda Lefton (امینڈا لیفٹن) نے کہا، "DEC کو اس بات پر فخر ہے کہ وہ میئر Mamdani (ممدانی) اور ہمارے شہری و ریاستی شراکت داروں کے ساتھ مل کر ایسی حکمتِ عملیوں پر کام کر رہا ہے جو کوئینز میں سیلاب کے خطرے کو کم کرنے اور کمیونٹیز کو بہتر بنانے میں مدد دیں۔ سبز بنیادی ڈھانچے اور پانی کے معیار میں دیگر بہتریوں کے لیے گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) کی ریکارڈ ریاستی سرمایہ کاری کی بدولت، DEC شہر اور ریاست بھر کی میونسپلٹیز کی قیادت میں کیے جانے والے اقدامات کو وہ وسائل فراہم کرنے میں مدد کر سکتا ہے جن کی انہیں طوفانی بارش کے پانی کے انتظام کے اہم پروجیکٹس، جیسے یہ نئی سبز راہداریاں، نافذ کرنے کے لیے ضرورت ہے، جو کوئینز ولیج، وائٹ اسٹون اور فاریسٹ ہلز کو نمایاں فائدہ پہنچائیں گی۔"

ریاست نیو یارک کی ماحولیاتی سہولیات کی کارپوریشن کی صدر اور CEO Maureen A. Coleman (مورین اے کولمین) نے کہا، "گورنر Hochul (ہوکل) حل کے ایسے طریقوں میں سرمایہ کاری کر رہی ہیں جو جدید ہونے کے ساتھ ساتھ عملی بھی ہیں۔ کوئینز کے ان پروجیکٹس کے لیے $5 ملین کی گرانٹس کنکریٹ کی درمیانی پٹیوں کو سبز 'اسفنجز' میں تبدیل کر دیں گی جو لاکھوں گیلن طوفانی بارش کا پانی جذب کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں گے، جس سے سیلاب کا خطرہ کم ہو گا اور نیو یارک کے شہریوں کو تحفظ حاصل ہو گا۔ شدید موسمی حالات سے نمٹنے کے لیے قدرتی نظام کے ساتھ کام کرنے والے پروجیکٹس کی معاونت کر کے، ریاست نیو یارک شہر کو موسمی خطرات کا بہتر مقابلہ کرنے کے قابل بنانے میں مدد دے رہی ہے، جبکہ بجلی و دیگر یوٹیلیٹی خدمات کے صارفین پر اخراجات کا بوجھ بھی کم رکھا جا رہا ہے۔"

نیو یارک سٹی کے محکمۂ تحفظِ ماحولیات (New York City Department of Environmental Protection) کی کمشنر Lisa F. Garcia (لیزا ایف گارسیا) نے کہا، "موسمیاتی تبدیلی ہماری دنیا کی شکل بدل رہی ہے، اور اس کے جواب میں ہمیں اپنے شہر کے بنیادی ڈھانچے کو بھی نئی شکل دینا ہو گی۔ سخت کنکریٹ کی جگہ جاندار سبز مناظر پیدا کرتے ہوئے، ہم صرف طوفانی بارش کے پانی کا انتظام نہیں کر رہے بلکہ اپنی سڑکوں کے تصور کو بھی نئے سرے سے تشکیل دے رہے ہیں۔ یہ وسیع درمیانی پٹیاں سرسبز راہداریوں میں تبدیل ہو جائیں گی جو ہر سال لاکھوں گیلن طوفانی بارش کا پانی جذب کریں گی۔ اسی طرح ہم عام استعمال کی جگہوں کو سیلاب سے بچاؤ کے جدید حل کے طریقوں میں تبدیل کرتے ہیں، جو ایک طرف کمیونٹیز کو محفوظ رکھتے ہیں اور دوسری طرف محلوں کی خوبصورتی میں اضافہ کرتے ہیں"

نیو یارک شہر کے محکمہ برائے ذرائع آمد و رفت (New York City Department of Transportation) کے کمشنر Mike Flynn (مائیک فلن) نے کہا، "کنکریٹ کی درمیانی پٹیاں پیدل چلنے والوں کے لیے سڑک پار کرنا آسان بنا کر اور ٹریفک کو بہتر انداز میں منظم کر کے حفاظت میں بہتری لانے میں مدد دیتی ہیں، لیکن یہ ہمارے شہر کو شدید موسمی حالات اور سیلاب کے خطرات سے بچانے میں بھی اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ موسمیاتی تبدیلی کے باعث نیو یارک شہر میں شدید بارشوں کی تعداد اور شدت بڑھتی جا رہی ہے، اس لیے اب پہلے سے کہیں زیادہ ضروری ہے کہ ہم اپنے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنائیں اور اس پر نئے سرے سے غور کریں تاکہ نیو یارک کے شہریوں کو بڑھتے ہوئے ماحولیاتی خطرات سے محفوظ رکھا جا سکے۔"

کام کے دوران کنکریٹ کی پرانی درمیانی پٹیاں اور کنارے ہٹائے جائیں گے اور حد سے زیادہ پھیلے ہوئے یا مردہ درخت، جڑی بوٹیاں اور جمع شدہ ملبہ صاف کیا جائے گا۔ پانی کا بہاؤ درمیانی پٹیوں کی طرف یقینی بنانے کے لیے، نئی داخلی گزرگاہیں بنائی جائیں گی جو پانی کو سڑکوں سے موڑ کر براہِ راست پودوں والی جگہوں تک پہنچائیں گی۔ تعمیراتی کام میں خاص طور پر تیار کی گئی مٹی اور زیرِ زمین ذخیرہ کرنے کے ایسے نظام نصب کرنا شامل ہے جو طوفانی بارش کا پانی جذب کرنے کے لیے ڈیزائن کیے گئے ہیں۔

ان جگہوں کی لینڈ اسکیپنگ انہیں سبز راہداریوں میں تبدیل کر دے گی، جہاں مقامی اقسام کے پودے، جھاڑیاں، گھاس اور جنگلی پھول لگائے جائیں گے۔ مجموعی طور پر، یہ بہتریاں سڑکوں کے ماحول کو ٹھنڈا اور خوبصورت بنائیں گی، جبکہ قریبی نواحی علاقوں کو سیلاب سے زیادہ بہتر تحفظ فراہم کریں گی۔ یہ پروجیکٹس لینڈ اسکیپ میں ایسی بہتریاں بھی لائیں گے جو محلوں کی خوبصورتی میں اضافہ کریں گی، جبکہ ADA کے مطابق ریمپس اور قابلِ شناخت انتباہی سطحوں کے ذریعے پیدل چلنے والوں کی حفاظت بھی بہتر بنائی جائے گی۔

وائٹ اسٹون: 20ویں ایونیو اور 21ویں روڈ کے درمیان، فرانسس لیوس بولیوارڈ
فرانسس لیوس بولیوارڈ کی درمیانی پٹیاں، جو اب تکمیل کے قریب ہیں، 1,105 فٹ تک پھیلی ہوئی ہیں اور 1.17 ایکڑ کے نکاسی آب کے علاقے سے بہنے والا پانی جمع کرتی ہیں۔ یہ ہر سال 1.11 ملین گیلن طوفانی بارش کا پانی کا انتظام کریں گے، جس سے ایسٹ ریور میں مشترکہ سیوریج کے اضافی اخراج (combined sewer overflows, CSO) میں کمی آئے گی۔

فاریسٹ ہلز: میٹروپولیٹن ایونیو اور 71ویں روڈ کے درمیان، یونین ٹرن پائیک
اس موسم خزاں میں پودے لگائے جانے والی یونین ٹرن پائیک کی درمیانی پٹیاں 3,245 فٹ تک پھیلی ہوئی ہیں اور 2.56 ایکڑ کے نکاسی آب کے علاقے سے پانی جمع کرتی ہیں۔ انہیں ہر سال 2.43 ملین گیلن طوفانی بارش کا پانی جذب کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے، جس سے نظام پر دباؤ کم ہو گا اور فلشنگ بے میں CSO کو روکنے میں مدد ملے گی۔

کوئینز ولیج: لوکاس اسٹریٹ اور میرک بولیوارڈ کے درمیان، اسپرنگ فیلڈ بولیوارڈ
اسپرنگ فیلڈ بولیوارڈ کی درمیانی پٹیوں پر تعمیراتی کام، جس کے اس سال کے آخر میں شروع ہونے کی توقع ہے، 1.51 ایکڑ کے نکاسی آب کے علاقے سے منسلک 1,182 فٹ سبز بنیادی ڈھانچہ شامل کرے گا۔ ان بہتریوں سے ہر سال 1.44 ملین گیلن طوفانی بارش کے پانی کا انتظام ہو گا اور جمیکا بے میں CSO کو محدود کرنے میں مدد ملے گی۔

یہ تمام کام نیو یارک سٹی پارکس (NYC Parks) اور نیو یارک شہر کے محکمہ برائے ذرائع آمد و رفت کے ساتھ قریبی رابطے اور ہم آہنگی کے تحت کیے گئے ہیں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے
press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔